IBN E SHABAN CHISHTI

Scanned with CamScanner

منہاج العابدین (نوٹس)

ششماہی اول

سوالات مع جوابات

جامعۃ المدینہ فیضانِ احمد رضا
کراچی سٹی پاکستان

معلّم : علامہ مولانا کبیر الدین عطاری المدنی

ازقلم: ھاشم احمد خان

مرتّب: ابنِ شعبان چشتی

Scanned with CamScanner

عقبہ اولی

سوال 1: امام غزالی نے قطب و مدار کس چیز کو فرمایا ہے؟

جواب: امام غزالی نے قطب مدار علم کو فرمایا ہے۔

سوال 2: امام غزالی نے علم اور عبادت کو کس سے موصوف کیا ہے اور کتب اور رسل کا ارسال کس وجہ سے ہوا؟

جواب: امام غزالی نے علم اور عبادت جوہر کے ساتھ موصوف کیا اور کتب اور رسل کا ارسال بھی علم اور عبادت کی وجہ سے ہوا

سوال 3: اللہ الذی خلق سبع سموات یہ آیت مبارکہ کس بات پر دال ہے؟

جواب: یہ آیت مبارکہ علم کی فضیلت پر دال ہے۔

سوال 4: وماخلقت الجن والانس الا لیعبدون یہ آیت کس پر دال ہے؟

جواب: یہ آیت دلیل ہے عبادت کی فضیلت پر

سوال 5: علم کی فضیلت پر کوئی 3 احادیث عربی میں ذکر کریں؟

جواب:

1) قال رسول اللہ علیہ وسلم ان فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادنی رجل من امتی

2) قال رسول اللہ علیہ وسلم نظرۃ الی العالم احبّ الیّ من عبادۃ ستین عاما صیامھا وقیامھا

3) قال رسول اللہ علیہ وسلم طلب العلم فریضۃ علی کل مسلم

سوال 6: امام غزالی نے علم کی مثال کس طرح سمجھائی؟

جواب: علم درخت کی منزلت میں ہے اور عبادت درخت کے پھلوں کے درجے میں ہے اور درخت اصل ہے مگر اس کا نفع اس کے پھل ہی سے ملتا ہے لہذا علم کے ساتھ ساتھ عمل کا ہونا بھی ضروری ہے تاکہ علم کی عزت و بزرگی سلامت رہے۔

Scanned with CamScanner

سوال 7 عالم کا سونا کس چیز سے بہتر ہے؟

جواب عالم کا سونا جاہل کی نماز سے بہتر ہے۔

سوال 8 فی الجملہ کتنے اور کونسے علوم کا سیکھنا فرض ہے؟

جواب فی الجملہ 3 علوم کا سیکھنا فرض ہے 1) علم توحید 2) علم سر

3) علم شریعت

Scanned with CamScanner

سوال 9 توبہ کی تعریف لکھیں؟

جواب تنزیہ القلب عن الذنب (دل کو گناہوں سے پاک کرنا)

سوال 10 توبہ کن دو امور کی وجہ سے لازم ہے؟

جواب 1) تاکہ اطاعت کی توفیق حاصل ہوجائے۔

2) تاکہ تیری عبادات قبول ہوجائیں۔

سوال 11 توبہ کی کتنی اور کونسی شرائط ہیں؟

جواب توبہ کی چار شرائط ہیں۔

1) گناہ کے اختیار کرنے کو چھوڑ دینا اور عزم مصمم کرنا کہ کبھی بھی گناہ نہیں کرونگا

2) ایسے گناہ سے توبہ کرنا جسکی مثل پہلے گناہ ہو چکا ہو۔

3) اس گناہ کو ترک کرنا جس گناہ کی مثل پر قادر بھی ہو۔

4) گناہوں کو اللہ کی تعظیم اور بزرگی کی وجہ سے ترک کر دینا نہ کہ لوگوں کے خوف سے

سوال 12 توبہ کے کتنے مقدمات ہیں؟

جواب توبہ کے تین مقدمات ہیں

1) گناہوں کو بہت برا جاننا 2) اللہ کے عذاب سے ڈرنا

3) اپنے آپ کو کمزور جاننا "اللہ کے عذاب کو سہنے کی تاب نہ لانا" کو یاد کرنا۔

سوال 13 حضور علیہ السلام کی حدیث ہے کہ (الندم توبۃ) تو توبہ کی شرائط میں ندامت کو ذکر کیوں نہیں کیا؟

جواب ندامت ایک غیر اختیاری فعل ہے اور توبہ ایک اختیاری فعل ہے تو جب بندہ توبہ کرتا ہے تو ندامت خود بخود اسکے دل میں ہوتی ہے تو ندامت کو علیحدہ طور پر ذکر کرنے کی حاجت نہیں ہے۔

Scanned with CamScanner

سوال 14 توبہ ہمیشہ کن دو چیزوں کے مابین ہوتی ہے ؟

جواب 1) توبہ پر استمرار 2) گناہوں کی معافی طلب کرنا اللہ سے۔

سوال 15 گناہ کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں ؟

جواب گناہ کی تین اقسام ہیں

1) اللہ تعالیٰ کے واجبات کو ترک کرنا جیسے نماز روزہ وغیرہ

2) وہ گناہ جو بندے اور اللہ کے درمیان ہیں - جیسے شراب پینا جوا سود کھانا۔

3) وہ گناہ جو تیرے اور بندے کے درمیان ہے - کسی کا مال چورا لینا وغیرہ

سوال 16 توبہ کی تاخیر کرنے میں کیا نقصانات ہیں ؟

جواب دو نقصانات ہیں - 1) قسوۃ قلبی 2) نحوست اور بدبختی پیدا ہوجاتی ہے

سوال 17 دل کی سیاہی کی علامت کیا ہے ؟

جواب 1) دل میں گناہوں سے خوف کا نہ آنا 2) اطاعت کی توفیق نہ ملے

3) وعظ و نصیحت اثر نہ کرے 4) گناہوں کو حقیر نہ جاننا۔

عقبہ ثانی (وھی عقبۃ العوائق)

سوال 18 زہد کی تعریف اور اقسام بیان کریں ؟

جواب تعریف دنیا سے بے رغبت ہوجانا

اسکی دو اقسام ہیں 1) وہ زہد جو بندے کی قدرت میں ہو 2) وہ جو بندے کی قدرت میں نہ ہو

وہ زہد جس پر بندہ قادر ہے تین اقسام پر ہے۔

1) جو چیز نہیں ہے اسکی طلب کو چھوڑ دو 2) جو ہے اسکو خرچ کردو

3) دنیا کے ارادے اور اسکو اختیار کرنے کو ترک کردو۔

وہ زہد جس پر بندہ قادر نہیں ہے - وہ یہ ہے کہ زاھد کے دل میں اشیاء کی محبت ختم ہوجاتی ہے

Scanned with CamScanner

سوال 19 دنیا سے بے رغبتی کتنے امور کی وجہ سے لازم ہے؟

جواب دو امور کی وجہ سے۔

1) تاکہ تو عبادت کر سکے ۔ کیونکہ دنیا سے رغبت تجھے مشغول کر دے گی۔

2) تاکہ تیرے عمل کی قیمت بڑھ جائے ۔ تاکہ تیرا مقام و مرتبہ بلند ہو جائے۔

سوال 20 زہد فی الدنیا کا حکم کیا ہے؟

جواب زہد فی الدنیا فرض بھی ہے اور نفل بھی۔ بہرحال حرام سے بچنا فرض اور حلال سے بچنا نفل۔

سوال 21 وہ کونسی باتیں ہیں جو دنیا کے ترک کرنے پر ابھارتی ہیں؟

جواب دنیا کی آفات کو یاد کرنا اور اسکے عیوبات کو یاد کرنا۔
بعض بزرگ کہتے ہیں کہ میں نے دنیا کو ترک کر دیا فائدے کے کم اور مشقتوں کے زیادہ ہونے کی وجہ سے اور اسکا فنا ہو جانے کی وجہ سے اور اسکا شرکاء کے خسیس ہونے کی وجہ سے

سوال 22 ایام الھرج کیا ہے؟

جواب وہ وقت جس میں بندہ اپنے پڑوسی سے محفوظ نہ ہو۔

سوال 23 زاھد کی دو رکعتیں عابد کی کتنی رکعتوں سے بہتر ہے؟

جواب زاھد کی دو رکعتیں عابد کی پوری زندگی کی رکعتوں سے بہتر ہے۔

سوال 24 امام غزالی علیہ رحمۃ نے دنیا و آخرت کی مثال کس سے دی ہے؟

جواب امام غزالی نے دنیا و آخرت کی مثال دو سوتنوں سے دی ہے کہ تو ایک کو راضی کرے گا اور دوسری کو ناراض کر بیٹھے گا

Scanned with CamScanner

سوال 25 حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دنیا و آخرت کو جمع کرنے کے بارے میں کیا فرمایا؟

جواب حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر عبادت ہے اور تجارت میرے علاوہ کسی شخص کے لیے جمع ہو سکتیں تو میرے لیے ضرور جمع ہوتیں کیونکہ اللہ نے مجھے توبہ اور نرمی دو عطا فرمائیں ہیں۔

سوال 26 یحییٰ بن معاذ رازی نے شیطان کے متعلق کیا فرمایا؟

جواب معاذ رازی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ شیطان فارغ ہو تو مشغول ہے اور شیطان تجھے دیکھتا ہے اور تو اسے نہیں دیکھتا اور تو شیطان کو تو بھول جاتا ہے حالانکہ وہ تجھے نہیں بھولتا اور تیرا نفس شیطان کے لیے مددگار ہے۔ تو ضروری ہے شیطان سے جنگ کرنا ورنہ تو فساد اور ھلاکت میں پڑھ جائے گا۔

سوال 27 صوفیا کے نزدیک شیطان کو دور بھگانے کے دو طریقے لکھیں؟

جواب 1) اللہ تعالیٰ سے پناہ طلب کرنا کیونکہ شیطان ایک کتے کی طرح ہے اور اللہ نے اس کتے کو تجھ پر مسلط کیا ہے اگر تو اس سے جنگ کریگا تو تو تھک جائیگا اور تو اپنے وقت کو ضایع کر دیگا نتیجہ یہ ہوگا کہ شیطان کامیاب ہو جائیگا اور تو تھک جائیگا تو بہتری اللہ تعالیٰ سے پناہ طلب کرنے میں ہے شیطان کے بارے میں۔

2) بعض بزرگ فرماتے ہیں کہ بندہ مجاہدہ اختیار کرے اور شیطان کی مخالفت کرتے اس جھٹلائے اور دور بھگانے میں ڈٹ جائے۔

سوال 28 شیطان سے جنگ کرنے کے کتنے طریقے بیان کیے گئے ہیں؟

جواب شیطان سے جنگ کرنے کے تین طریقے بیان کیے گئے ہیں۔

1) تم شیطان کے مکر و فریب اور حیلے بہانوں کو پہچانو اس طرح وہ تم پر جرات نہیں کریگا

2) تم شیطان کی دعوت کو پذیرائی نہ کرو اور اپنے دل کو ادھر ادھر متوجہ نہ کرو

3) اپنے دل اور زبان کو ہمیشہ اللہ کے ذکر سے معمور رکھو کیونکہ حضور نے فرمایا شیطان کے لیے ذکر اللہ اتنا تکلیف دہ ہے جتنا انسان کے لیے سرخ آگ۔

Scanned with CamScanner

29 سوال ملھم اور اسکی دعوت کو کیا کہتے ہیں؟

جواب اللہ تبارک وتعالیٰ نے ابن آدم کے قلب پر ایک فرشتے کو مقرر فرمایا ہے اور وہ ہمیشہ خیر کی طرف بلاتا ہے اسے ملھم کہتے ہیں۔ اور اس ملھم کی دعوت کو الھام کہتے ہیں۔

30 سوال وسواس اور اسکی دعوت کو کیا کہتے ہیں؟

جواب اللہ تعالیٰ نے ابن آدم کے قلب پر ملھم کے مقابلے میں شیطان کو مسلط فرمایا ہے اور وہ ہمیشہ برائی کی طرف بلاتا ہے اسی کو وسواس کہتے ہیں اور اسکی دعوت کو وسوسہ کہتے ہیں۔

31 سوال شیطان خیر کی طرف کیوں بلاتا ہے؟

جواب ہمارے شیخ فرماتے ہیں کہ شیطان کبھی کبار بھلائی کی طرف بھی بلاتا ہے لیکن اسکا مقصد برائی کا ہی ہوتا ہے اسطرح کہ شیطان بندے کو چھوٹی نیکی کی دعوت دیتا ہے اور بڑی نیکی سے روک دیتا ہے یا پھر اس پر نیکی کا حکم دیتا ہے کہ اس کے ذریعے بڑے گناہ تک لے جائے جیسے خود پسندی۔

32 سوال انسان کو اچھائی اور برائی کی طرف بلانے والے کتنے داعی ہیں؟

جواب انسان کے پاس تین داعی ہیں۔ 1) فرشتہ 2) شیطان 3) نفس

33 سوال خواطر کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب خواطر کی چار اقسام ہیں

1) وہ خیال جو ابتداءً اللہ کی جانب سے آتا ہے کبھی کبار یہ خیال اچھا ہوتا ہے الزاما اور اکرامًا اور کبھی کبار یہ خیال برا ہوتا ہے امتحان کے طور پر۔

Scanned with CamScanner

2) وہ خیال جو ملہم کی جانب سے ہوتا۔ وہ خیال ہمیشہ اچھا ہی ہوتا ہے
کیونکہ ملہم ناصح ہے اور اسکو اس لیے ہی بھیجا گیا ہے۔

3) وہ خیال جو شیطان کی طرف سے آتا ہے یہ سوائے شر کے کچھ بھی نہیں ہوتا
اور کبھی کبار یہ خیال بشر بھی ہوتا مگر واستدراج کے طور پر۔

4) اور کبھی کبار خیال خواہش نفس کی طرف سے بھی آتا ہے یہ بھی
برا ہی ہوتا ہے یہ نیکی سے روکنے اور برائی اختیار کرنے پر ابھارتا ہے

سوال 34 خواہش نفس اور شیطان کی مثال دیں کس کی طرح ہے

جواب خواہش نفس کی مثل چیتے کی طرح ہے اور شیطان کی مثال بھیڑیے
کی طرح ہے جب تو اسکو ایک طرف سے بھگائے گا تو وہ دوسری طرف سے
تیرے پاس آئے گا۔

سوال 35 کن پانچ مقامات پر میں حضور نے فرمایا کہ جلدی شیطان کی طرف سے نہیں ہے؟

جواب حضور ارشاد فرماتے ہیں ؟ العجلۃ من الشیطان الا فی خمسۃ مواضع:

تزویج البکر اذا ادرکت، وقضاء الدین اذا وجب وتجہیز المیت اذا مات
وقری الضیف اذا نزل والتوبۃ من الذنب، اذا أذنبت

ترجمہ: حضور نے فرمایا جلدی شیطان کی طرف سے ہے سوائے پانچ کاموں میں جب لڑکی
بالغ ہو تو اسکی شادی کرنا جب قرض لازم ہو جب تو ادا کرنا کوئی مہلت
تو اس کی تجہیز وتکفین کرنا مہمان آئے تو اس کی مہمان نوازی کرنا
اور گناہ سرزد ہو جائے تو توبہ کرنا۔

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 36

شیطان ابن آدم کو کتنے طریقوں سے بہکاتا ہے بیان کریں؟

شیطان ابن آدم کو 7 طریقوں سے بہکاتا ہے۔

1) سب سے پہلے شیطان ابن آدم کو عبادت سے روکتا ہے پھر اللہ تعالیٰ بندے کی حفاظت فرمائے تو وہ شیطان کو اس طرح دور کرتا ہے کہ مجھے عبادت کی بہت حاجت ہے اور مجھے اس دنیا فانی کو چھوڑ کر آخرت کے لیے زادِ راہ جمع کرنا ہے۔

2) پھر شیطان ابن آدم کو عمل کو ٹالنے کا کہتا ہے تو ابن آدم شیطان کو دور کرنے کے لیے یہ کہتا ہے کہ میری موت میرے قبضے میں نہیں ہے میں آج کے کام کل پر چھوڑوں تو کل کام کب کروں گا۔

3) پھر شیطان جلد بازی کا حکم دیتا ہے کہتا ہے کہ جلدی یہ کام کرلو دوسرے کام کرنے کے لیے وقت بچاؤ تو بندہ شیطان کو دور یوں کرتا ہے کہ اطمینان کے ساتھ تھوڑا عمل نقصان کے ساتھ کیے جانے والے زیادہ عمل سے بہتر ہے۔

4) پھر شیطان ابن آدم کو کہتا ہے کہ عمل لوگوں کو دکھاؤ

5) پھر بندے کو خود پسندی میں مبتلا کر دیتا ہے کہتا ہے کہ تو بہت عبادت گزار ہے تو بہت افضل ہے۔

6) پھر شیطان سب سے خطرناک وار کرتا ہے کہتا ہے کہ تو چھپ کر عمل کر اللہ اسے کبھی نہ کبھی لوگوں میں مشہور کر دیگا۔

7) پھر کہتا ہے کہ تجھے عمل کرنے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ اگر تو خوش بخت پیدا کیا گیا ہے تو تجھے عمل نہ کرنا نقصان نہیں پہنچائے گا اگر تو بدبخت پیدا کیا گیا ہے تو عمل کرنا کوئی فائدہ نہیں دیگا۔

Scanned with CamScanner

سوال 33 نفس کتنی باتوں کی وجہ سے بندہ کا دوشمن ہے ؟

جواب نفس بندے کا دو باتوں کی وجہ سے دوشمن ہے۔

1) یہ دوشمن جسم کے اندر موجود ہے اور چور جب گھر کا ہو تو اس سے بچنا مشکل ہے

2) یہ نفس انسان کا محبوب ہے اور انسان اپنے محبوب کے عیوب سے ویسے ہی اندھا ہوتا ہے بلکہ وہ محبوب کے عیوب دیکھنا ہی نہیں چاہتا۔

سوال 34 سب سے پہلے اللہ کی نافرمانی کس نے کی اور اسکا سبب کیا بنا ؟

جواب سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ابلیس نے کی تقدیر کے غالب آجانے کے بعد اور اسکا سبب تکبر وحسد کی صورت میں خواہش نفس ہی تھی۔

سوال 35 شیطان کو کتنی سال کی عبادت کے بعد دھتکارا گیا ؟

جواب شیطان کو اسی ہزار سال کی عبادت کے بعد دھتکارا گیا۔

سوال 36 کتنے مشہور واقعات نفس کی وجہ سے واقع ہوئے ؟

جواب حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش بھی نفس کی وجہ سے واقع ہوئی اور قابیل وھابیل کا قصہ بھی حسد بغض الخ ہی تھی اور یہ دونوں چیزیں نفس کی خواہشات کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں

اور ھاروت وماروت کا قصہ بھی نفسانی شہوت کی وجہ سے پیش آیا۔

سوال 37 امام غزالی نے تقوی کی کتنی خصلتیں بیان کی ہیں ؟

جواب 12 خصلتیں بیان کی ہیں۔

1) تقوی اختیار کرنے والے کی تعریف و توصیف ہوتی ہے 2) دوشمنوں سے حفاظت ہوتی ہے 3) مدد و تائید ہوتی ہے 4) تکلیفوں سے نجات اور حلال رزق نصیب ہوتا ہے 5) اسکے اعمال سنوار جاتے ہیں 6) گناہ معاف ہوجاتے 7) اللہ کی محبت نصیب ہوتی ہے۔ 8) اعمال قبول ہوتے ہیں 9) عزت و احترام ملتی ہے 10) موت کے وقت خوشخبری دی جاتی ہے 11) جہنم سے نجات ملتی ہے 12) اہل تقوی کو جنت میں ہمیشہ رہنا نصیب ہوگا

Scanned with CamScanner

4

سوال حضرت عائشہ صدیقہ طیبہ نے تقوی کے متعلق کیا فرمایا؟

جواب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضور نبی کریم دنیا کی کسی چیز سے خوش نہ ہوئے اور کسی ایک نے بھی آپ کو خوش نہیں کیا متقی شخص کے علاوہ۔

43 سوال حضرت قتادہ نے تقوی کے متعلق کیا فرمایا؟

جواب حضرت سیدنا قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تورات شریف میں لکھا ہے کہ اے ابن آدم اللہ سے ڈر اور جہاں چاہے سو جا۔

44 سوال حضرت سیدنا عامر بن عبد قیس تقوی کے متعلق کیا فرمایا؟

جواب حضرت عامر بن عبد قیس کے متعلق یہ بات پہنچی ہے کہ آپ ہر دن رات میں ایک ہزار رکعات نفل پڑھتے پھر اپنے بستر کی طرف آتے اور اپنے نفس سے کہتے اے ہر برائی کے ٹھکانے خدا کی قسم میں نے پلک جھپکنے کی مقدار بھی تجھے خوش نہیں کیا آپ اپنی وفات کے وقت دونے تک تو عرفہ کی گئی کہ آپ کیوں رو رہے ہیں تو فرمایا اللہ کا یہ فرمان رولاتا ہے (انما یتقبل اللہ من المتقین)

45 سوال تقوی کی تعریف لکھیں؟

جواب تنزید القلب عن ذنب لم یسبق عنک مثلہ

ترجمہ دل کو اس گناہ سے پاک کرنا جسکا مثل تجھ سے پہلے نہ گزرا ہو۔

46 سوال تقوی کی اصل کیا ہے؟

جواب تقوی کی اصل وَقْوَیٌ تھی واو کو تاء سے بدل دیا جیسے وجلان سے تجلان۔

47 سوال قرآن پاک میں تقوی کے کتنے معانی بیان کیے گئے ہیں؟

جواب تین معانی بیان کیے گئے ہیں 1) خشیۃ وھیبۃ

2) اطاعت وعبادت 3) دل کو گناہوں سے پاک کرنا۔

Scanned with CamScanner

سوال 98 ابن عباس اور مجاہد کے نزدیک اتقوا اللہ حق تقاتہ کا معنی کیا ہے؟

جواب عند ابن عباس اللہ کی اطاعت کرو جیسا اسکی اطاعت کرنے کا حق کیا ہے۔

عند المجاہد اللہ کی اطاعت ہو نافرمانی نہ ہو اللہ کا ذکر ہو بھلایا نہ جائے

اللہ کا شکر ہو ناشکری نا کی جائے۔

سوال 99 تقوی کی کتنی منزلیں ہیں

جواب تقوی کی تین منازل ہیں

1) شرک بچنا 2) بدعت سے بچنا 3) معاصی فرعیۃ سے بچنا

سوال 100 متقین کو متقین کیوں کہتے ہیں؟

جواب تقوی والوں کو متقی اس لئے کہا گیا کہ انہوں نے ناجائز میں

پڑنے کے خوف سے جائز کو بھی چھوڑ دیا۔

سوال 101 لیس علی الذین امنوا و عملوا الصالحات جناح فیما طعموا اذا

ما اتقوا و امنوا و عملوا الصلحت ثم اتقوا و امنوا ثم اتقوا و احسنوا

تینوں تقوی سے کیا مراد ہے؟

جواب تقوی اولی سے مراد شرک سے بچنا

تقوی ثانی سے مراد بدعت سے بچنا

تقوی ثالث سے مراد گناہوں سے بچنا

Scanned with CamScanner

سوال: ثم الذی یخاف منہ الضرر فی أمر الدین ضمان اس عبارت وضاحت کریں؟

جواب: وہ چیزیں جنکی وجہ سے دین کے معاملے میں ضرر کا خوف ہے وہ دو قسم کی ہیں۔ 1) خالص حرام و گناہ 2) فضول حلال

کیونکہ ضرورت سے زیادہ حلال میں مشغول ہونا بندے کو حرام کی جانب لے جاتا اور گناہوں پر ابھارتا ہے اور جو اس آفت سے محفوظ رہنا چاہتا ہے وہ یوں محفوظ رہے گا کہ فضول حلال پہ حرام کی طرف لے جا سکتا ہے جیسے حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا "اہل تقوی نے ناجائز میں پڑنے کے خوف سے جائز کو بھی چھوڑ دیا۔

سوال: شر کے اقسام اور انکا حکم لکھیں؟

جواب: شر کی دو قسمیں ہیں 1) شر اصلی 2) شر غیر اصلی

شر اصلی وہ شر جس سے حرام ہونے کے اعتبار سے روکا گیا ہو خالص گناہ

شر غیر اصلی وہ شر جس سے تادیبا روکا گیا ہو وہ فضول حلال

سوال: جو شخص متقی بننا چاہتا ہے اس پر کتنے اعضاء کی رعایت لازم ہے؟

جواب: اعضاء کی رعایت لازم ہے 1) آنکھ 2) کان 3) زبان 4) قلب کا 5) پیٹ

سوال: دل کی آفتیں اور انکی اصلاح کیسے ہوگی؟

جواب: چار آفتیں ہیں 1) لمبی امید 2) جلد بازی 3) تکبر 4) حسد

اور چار خوبیاں ہیں 1) چھوٹی امید 2) بردباری 3) خیرخواہی 4) عاجزی

دل کے درست اور خراب ہونے کا مدار ان خوبیوں اور آفات کی وجہ سے تو آفات سے بچو اور خوبیوں کو اپناؤ ان شاء اللہ دل کی اصلاح ہو جائے گی۔

Scanned with CamScanner

سوال 56 طول امل سے کیا مراد ہے اور یہ اپنے صاحب پر کتنی چیزیں کھینچ لاتی ہے؟

جواب طول امل سے مراد ہے لمبی لمبی امیدیں کرنا اور لمبی امید پر بھلائی سے روکتی ہے اور ہر فتنہ اور ہر شر کی جڑ ہے۔

اور یہ اپنے صاحب پر چار (4) باتیں کھینچ لاتی ہیں

1) عبادات چھوٹ جاتی ہیں اسکے ذریعے

2) توبہ چھوٹ جاتی ہے اور توبہ میں ٹال مٹول کرتا ہے

3) مال جمع کرنے کا لالچ ہوجاتی ہے۔

4) دل سخت ہوجاتا ہے۔

سوال 57 حسد سے کیا مراد ہے اور یہ اپنے صاحب پر کتنی چیزیں کھینچ لاتی ہے؟

جواب حسد اپنے صاحب پر 3 باتیں کھینچ لاتا ہے۔

1) عبادت و نیکیاں برباد ہوجاتی ہیں

2) گناہ اور برائیوں کا ارتکاب کرنا

3) حاسد بے فائدہ تھکاوٹ اور رنج و غم کا شکار ہوجاتا ہے۔

سوال 58 استعجال اپنے صاحب پر کتنی چیزیں کھینچ لاتا ہے؟

جواب استعجال اپنے صاحب پر چار باتیں کھینچ لاتا ہے۔

1) عبادت گزار نیکی اور استقامت کے کسی درجہ تک پہنچنا چاہتا ہے اور کوشش کرتا ہے لیکن اسکو پانے کی جلدی کرتا ہے حالانکہ اس کا وقت ابھی پورا ہی نہیں ہے تو وہ مایوس ہوجاتا ہے یا پھر اتنی کوشش کرنے لگتا ہے اور اپنے نفس کو تھکا دیتا ہے پس یہ عابد افراط و تفریط کا شکار ہوجاتا ہے اسی جلد بازی کے سبب۔

2) عبادت گزار رب سے دعا کرتا ہے کبھی قبول ہوجاتی ہے اور کبھی وہ وقت سے پہلے قبول ہونے کی دعا کرتا ہے تو حاجت پوری نہیں ہوتی پس وہ جلد بازی کے سبب مایوس ہوجاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

3) کوئی شخص اس پر ظلم کرتا ہے اور یہ غصہ میں آکر بددعا کرتا ہے جلدی کرتے ہوئے تو اسکا سب ایک مسلمان ہلاک ہوجاتا ہے اور بعض اوقات یہ حد سے بڑھ جاتا ہے اور گناہ اور ہلاکت میں پڑھ جاتا ہے۔

4) عبادت کا اصل اور بنیاد ورع (پرہیزگاری ہے) اور صبر و تحمل ہے مگر جب آدمی صبر و تحمل کے بغیر جلد بازی سے کام لے گا تو وہ لغزش میں پڑھ جائے گا وہ حرام اور مشتبہات میں پڑھ جائے گا جلد بازی کے سبب۔

باتوں

1) تکبر اپنے صاحب پر کتنی [illegible] کو کھینچ لاتا ہے۔

2) چار باتوں کو کھینچ لاتا ہے۔

1) حق سے محروم اور دل کو اندھا کر دیتا ہے تا اللہ کی آیات کی معرفت سے۔

2) دنیا و آخرۃ میں رسوائی لاتا ہے۔

3) تکبر کرنے والا اللہ کی ناراضی اور غضب میں مبتلا ہوتا ہے۔

4) تکبر کرنے والا آخرۃ میں عذاب نار کا مستحق ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner